گولڈن فلمز کا

गेस्ट हाउस

گیسٹ ہاؤس

اداکاران

شکیلہ . اجیت

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری اُپچن میں امر اپنی دادھوا ماں کے ساتھ اپنے ماما جاگیردار کے گھر رہتا تھا۔ امر کو جھوٹ بولنے کی عادت پڑ گئی تھی۔ اور ماما کے لڑکے منوہر کو چوری کی۔ دونو ملکر گاؤں میں بڑا اودھم مچایا کرتے تھے — آگے پردہ پر دیکھیں۔

گانا نمبر ا گا گیسٹ ہاؤس کے لئے

ٹھنڈی ٹھنڈی چلے رے ہوا دیکھا جیارا مورا لہرائے
اُڑ اُڑ جائے سر سے چنریا مکھ سے نکل جائے ہائے رے
ٹھنڈی ٹھنڈی چلے —
کوئی رسیا کوئی چھلیا میرے من کو بھانے لگا
اس ملن میں اس لگن میں اک مزا سا آنے لگا
آگے آگے لگن مورے من کی جانے کیا رنگ لائے رے
ٹھنڈی ٹھنڈی .... ٹھنڈی ٹھنڈی —
لٹ جو اُلجھی پھر نہ سلجھی آسا جن سلجھا دے
میں نہ جانوں بھید من کے تو ہی اب سمجھا دے ذرا
یوں تو لاگے نظر توری پیاری پھر بھی کیوں تڑپائے رے
ٹھنڈی ٹھنڈی ...... ٹھنڈی ٹھنڈی ....

گانا نمبر ۲

جھوٹ کا دیپک کبھی نہ جلتا سچ کی جیوت امر ہے
تیرے من میں کھوٹ نہیں تو تجھ کو کس کا ڈر ہے

سانچ کو آنچ نہیں پیارے کوئی پھر ہمت کیوں ہارے
سدا سچ بول ارے انسان کہ سچ کو ہی کہتے بھگوان
سانچ کو آنچ نہیں ـــــ

پربت کو نہ ہٹتے دیکھا دریا کو نہ رکتے
جو سچے ہیں اُن کو ہم نے کبھی نہ دیکھا جھکتے
تو بھی سچ کار کہہ لے مان کہ سچ کو ہی کہتے بھگوان
سانچ کو آنچ نہیں ـــــ

وہ ہی سکھ پاتے ہیں جگ میں آئے جنہیں دکھ سہنا
سیکھ لے تو پھولوں سے کانٹوں میں بھی ہنستے رہنا
سچا رستہ تو پہچان کہ سچ کو ہی کہتے بھگوان
سانچ کو آنچ نہیں ـــــ

رات ہو کتنی لمبی پھر بھی سورج تو آئے گا
آخر جیت تو ہوگی سچ کی جھوٹ نہ پھل پائے گا
کہہ گئے بات یہ لوگ مہان کہ سچ کو ہی کہتے بھگوان
سانچ کو ۔۔۔

گانا نمبر ۳

جس کا جُوتا اسی کا سر دل ہے چھوٹے بڑا شہر
ارے واہ رے واہ رے تیری بمبئی

کھایا دھوکا گئے جدھر دیکھی قیمت پھنسے کدھر
ارے واہ رے واہ رے تیری بمبئی
آ گئے یہاں کیا مل گیا جیب کٹی اور دل گیا

رنگ نیرے اس شہر کا دیکھ کلیجہ جل گیا
مال نہ سہی جان تو بچی بھاگ منہ کے جبکا۔۔
مسیم بھرے کیس آن سے ساتھ ہے کتنا شان سے
جانور سے تو پیار ہے پیار نہیں انسان سے
دیکھ مانتیں ہم بھی ہیں حسیں اتنا ناز نہ کر ۔جبکا۔۔
پاس ہیں موٹر کار ہو بینک میں تیس ہزار ہو
پیار جہاں تب کیجئے مال پہ جب سرکار ہو
نہ تو سوٹ ہے نہ بوٹ ہے دیکھ پیار سے ڈر جبکا۔۔

گانا نمبر ۴

لڑکا:۔ تم سے کچھ کہنا ہے گر تم کچھ کہنے دو
لڑکی:۔ اجی بولے بنا ہم جانے رہنے دو جی رہنے دو
لڑکا:۔ ان آنکھوں میں رہنا ہے گر پیار سے رہنے دو
لڑکی:۔ پہلے دل کو نظروں کے کچھ تیر تو سہنے دو
لڑکا:۔ ہنس ہنس کے سہہ لیں گے بڑے شوق سے تیر چلاؤ
لڑکی:۔ یہ فسانہ ہے تیرا ناکوئی بات نئی فرماؤ
لڑکا:۔ چلو جھوٹ سہی ہر بات میری اک بار بھی سن تو لو
تم سے کچھ کہنا ——

لڑکی:۔ دل ڈولے کچھ بولے بھلا کون یہ سمجھے اشارے
لڑکا:۔ ہر اشارہ جو تمہارا تو میں توڑ کے لادوں تارے
لڑکی:۔ اجی تم یہ لگیں کچھ ٹھیک نہیں ذرا ہوش کی بات کرو
لڑکا:۔ تم سے کچھ کہنا ——

لڑکا۔ کچھ دن سے میرے دل میں کوئی ملکے خیال آتا ہے
لڑکی:۔ باتوں سے بہلانا تمکو یہ کمال آتا ہے
لڑکا۔ سچ کہتے ہیں ہم
لڑکی ا۔ چلو کھاؤ قسم
لڑکا۔ چاہے اپنی قسم لے تو تم سے کچھ کہنا ——

گانا نمبر۵

تیرا جادو نہ چلے گا او سپیرے کاہے مارے میری گلیوں کے پھیرے
میلا رسیا تو من میں ہے میرے تو ہے کون میرا رستہ جو گھیرے
دیکھ مجھے نہ ہاتھ لگا جھوم کے میں ڈس لوں گی
آگ لگے تیرے نس نس میں ایسا زہر بھر دوں گی
او کہیں تڑپے نہ سانجھ سویرے تیرا جادو نہ چلے گا او سپیرے
ایک تمھا دل جو میں دے ہی چکی کیا تم لینے آئے ہو
میں جب جب چت چور نہ ہو کوئی نہ اور سمائے ہو
او نہیں آنے والی ہاتھ میں تیرے ——تیرا جادو——

گانا نمبر۶

دل کو لاکھ سنبھالا جی پھر بھی دل منوالا جی
کل تک میرا تھا آج کیوں تیرا ہو گیا
پہلی ملاقات میں ہم نے نہ جانا جھوٹی یہ بات نہ ہے گی افسانہ
پر تیرے پیار میں پہلے ہی وار میں میرا یہ بھولا سا دل کھو گیا
دل کو پھر بھی ——
جو رکرے چوری جی نظریں چرا کے تو نے مجھے لوٹا ہے نظریں ملا کے

مجھکو نہ ہوش تھا دل مدہوش تھا نہ جانے کیسے یہ جادو ہوگیا
دل کو ..... پھر بھی .....
چھوڑو میرا ہاتھ بُرا ہے یہ زمانہ کہیں ہمیں دیکھ نہ لے کوئی بیگانہ
دیکھو جی پیار کا بڑھتا ہے راستہ دو دل ملے بیری جگ ہوگیا
دل کو .... پھر بھی

گانا نمبر ۸

ہم نے سیکھا پیار ہیں، دو نینوں کی ماریں
ملنے ہیں وہ مزا کہاں ہے جو ہے انتظار میں
دل تو یہ کہتا ہے کہ آنے والا آئے گا
آنکھیں یہ کہتی ہیں اے دل تو دھوکا کھائے گا
ایسا ہی چلتا ہے دونوں کی تکرار میں
ہم نے ... دو نینوں
رستہ تکنے والے تو کیوں بیٹھا مجبور ہے
بھول جانا وعدہ یہ دنیا کا دستور ہے
لاکھوں ہی کھوئے ہیں جھوٹے اعتبار میں
ہم نے ... دو نینوں ...
یہی بے قراری تو دل کا قرار ہے
دیکھی نہ خزاں ہو تو پھیکی یہ بہار ہے
ہلچل سی رہنے دے دل بے قرار میں
ہم نے ... دو نینوں ..

گانا نمبر ۸

نکلا ہے گورا گورا چاند رے سجنوا کر کے جتن کوئی آ جا
جاگوں میں ساری ساری رات رے بلموا گھڑی گھڑی دیکھوں دروازہ
اوڑھی ہے مجنریا تاروں کی مانگی ہے کاجل رات سے
اب تو یہ گھونگھٹ کھولو جی ساجن اپنے ہاتھ سے
کب سے بیٹھی سپنے سجا کے آ کے ذرا جھلک دکھا جا
نکلا ہے گورا گورا ——

دن تو گزر گیا باتوں میں رات نہ کاٹی جائے رے
[illegible] تک پیا [illegible] دیکھوں [illegible] نہ
[illegible] انکھیوں [illegible] نیند نہ آئے رے
[illegible] ی مجنریا موری رہی اتر یا چندا مورے مکھڑا دکھا جا
نکلا ہے گورا گورا ——

کہہ دے کوئی جی اس چندا سے
آج کی رات وہ جائے نہ
چمک وہ میرے آنگن میں جب تک ساجن آئے نہ
یاد تیری آئے رے بڑا تڑپائے رے
انکھیوں کی پیاس بجھا جا
نکلا ہے گورا گورا ——

ختم شد

فلمی اداکار

فلم میں کام کرنے والے اور بھرتی ہونے والوں کے لئے اس کتاب کا پڑھنا ازحد مفید ثابت ہوگا۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ آپ اچھے ایکٹر کس طرح بن سکتے ہیں۔ فلم میں اداکاری کے لئے کیا باتیں ضروری ہیں۔ اس میں ایسے طریقے بھی بتائے گئے ہیں جن پر عمل کرنے سے آپ کو فلم کمپنی میں نوکری مل سکتی ہے۔ فلم کمپنیوں کے پتے بھی دیئے ہیں۔ کتاب [illegible] ہے۔ آنکھیں [illegible]

قیمت صرف دو روپیہ

محمد رفیع کی تانیں

مشہور اور ہر دلعزیز سنگر محمد رفیع کے گائے ہوئے گانوں کا لاجواب [illegible] ہے

یہ وہی محمد رفیع ہے جس نے بابل کی امر کہانی گا کر ساری دنیا میں تہلکہ مچا دیا ہے۔

قیمت صرف ایک روپیہ

فلمی گائن

فلمی گانوں کی چھوٹی سی کتاب جس میں چونسٹھ نغمے ہیں۔ اور جسے آپ اپنی جیب میں رکھ کر بھی گھوم سکتے ہیں۔

قیمت صرف بارہ آنے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)